اپنے **خاندان** کو محفوظ رکھیں

اپنی معلومات کی تجدید کریں

اسکول کو ہنگامی رابطے کی معلومات فراہم کریں جس میں ایسے بالغ افراد کے نام اور فون نمبر شامل ہوں (مثلاً: خاندان کے افراد، دوست، آیا، پڑوسی، یا اسکول کے دیگر والدین) جو آپ کی غیر موجودگی میں آپ کے بچے کو لے جا سکیں۔ اس میں ایسا کوئی بھی 3K، پری کنڈرگارٹن، چائلڈ کیئر، یا بعد از اسکول پروگرام شامل ہے جس میں آپ کا بچہ شرکت کرتا ہے۔

آپ کے بچے کی دیکھ بھال کے لیے کسی کو مقرر کرنے کے کئی طریقے موجود ہیں۔ مزید معلومات کے لیے /on.nyc.gov FamilySeparation پر جائیں۔.

1. پہلا طریقہ یہ ہے کہ نیویارک ریاست دفتر برائے اطفال اور خاندان خدمات کا فارم نمبر **OCFS-4940** پُر کر کے کسی شخص کو بطورِ سرپرستِ والدین نامزد کیا جائے۔ یہ فوری طور پر کیا جا سکتا ہے اور اس کے لیے عدالت جانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
2. دوسرا طریقہ **Standby Guardianship** نامی **(عارضی سرپرستی)** عمل کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ اس عمل کے لیے عدالت میں درخواست دائر کرنا ضروری ہوتا ہے۔

آخری تجدید: 26 اگست، 2026

اضافی وسائل

NYC مئیر کے دفتر برائے تارکین وطن امور – MOIA کی امیگریشن قانونی معاونت ہاٹ لائن
800-354-0365

پیر، صبح 9:00 – رات 8:00 بجے
منگل، صبح 9:00 – شام 6:00 بجے
بدھ، صبح 9:00 – رات 8:00 بجے
جمعرات، صبح 9:00 – شام 6:00 بجے
جمعہ، صبح 9:00 – شام 6:00 بجے
ہر مہینے کے آخری ہفتے (دن)، سے صبح 9:00 – شام 5:00
ترجمانی کی خدمات دستیاب ہیں

نیو یارک شہر
311
ہر روز، سارا دن دستیاب ہے۔
"امیگریشن" کے بارے میں پوچھیں۔
ترجمانی کی خدمات دستیاب ہیں

فیملی لیگل کئیر (Family Legal Care)
212-343-1122
پیر–جمعہ، صبح 9:00 – دوپہر 1:00 اور سہ پہر 2:00 – شام 5:00 بجے
ترجمانی کی خدمات دستیاب ہیں

اپنے حقوق جانیے
nyc.gov/KnowYourRights
اپنے حقوق اور دستیاب تحفظات کے بارے میں جانیے۔

خاندانوں کے لیے انصاف مراکز (Family Justice Centers)
nyc.gov/FJC
گھریلو اور جنس کی بنیاد پر تشدد سے متاثرہ افراد کے لیے معاونت اور خدمات تلاش کریں۔

سب کے لیے احترام

اگر آپ ایک تارکِ وطن سرپرست ہیں، بشمول والدین، قانونی سرپرست، قانونی نگران، یا کوئی دیگر رشتہ دار، اور آپ کو تشویش ہے کہ امیگریشن کے قوانین کے نفاذ کے باعث آپ اپنے بچے سے الگ ہو سکتے ہیں، تو مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے مدد حاصل کریں۔ مزید معلومات کے لیے **QR** کوڈ سکین کریں۔

یہ وسیلہ صرف عام معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مشورے کے لیے کسی وکیل سے مشاورت کریں۔

NYC Public Schools | Mayor's Office of Immigrant Affairs

اپنے حقوق جانیے

رازداری

NYC پبلک اسکولز(NYCPS) طلباء یا خاندان کے اراکین کی امیگریشن حیثیت کے بارے میں نہ استفسار کرتا ہے نہ ہی اس کا ریکارڈ رکھتا ہے۔ ہمارا عملہ امیگریشن کی حیثیت سے متعلق ایسی کوئی دستاویز نہیں رکھے گا جو آپ نے انہیں فراہم کی ہوں۔ جب تک قانون کے تحت انتہائی ضروری نہ ہو، NYCPS کا عملہ طلباء کی معلومات کا اشتراک نہیں کرے گا۔

لسانی رسائی

نیویارک شہر کے تمام پبلک اسکول ان خاندانوں کے لیے بلا معاوضہ ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات فراہم کرتے ہیں جو انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں ابلاغ کو ترجیح دیتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/Hello** پر جائیں۔

محفوظ اسکولز

تمام طلباء کے لیے محفوظ ماحول برقرار رکھنے کے لیے، غیر مقامی قانون نافذ کرنے والے افسران، بشمول امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (ICE) کے عملے کو NYCPS اسکولوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے، سوائے اس کے کہ قانون کے تحت ایسا کرنا ضروری ہو، اور وہ بھی اسکول کی طرف سے NYCPS کے وکلاء سے مشورہ کرنے کے بعد ہی ممکن ہے۔ ICE افسران کے اسکول میں آنے کی صورت میں کیا ہو گا؟

- اسکول حفاظتی ایجنٹ پرنسپل سے رابطہ کرے گا، جو افسر سے حفاظتی ڈیسک پر ملیں گے۔ پرنسپل افسر کو اسکول کی عمارت کے باہر انتظار کرنے کا کہیں گے اور اس دوران پرنسل NYCPS وکلاء سے بات کریں گے۔
- پرنسپل NYCPS وکلاء سے بات کریں گے اور والدین یا سرپرست کو مطلع کریں گے۔ ICE اہلکاروں کو صرف اس صورت میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی اگر ان کے پاس مستند عدالتی حکم نامہ ہو یا اگر کوئی مخصوص قسم کی ہنگامی صورتحال پیش آئے جو فوری کاروائی کی متقاضی ہو۔ مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/SupportingAllStudents** پر جائیں۔

اگر میرے پاس نقل وطنی کی قانونی دستاویزات نہ ہوں تو کیا میں اپنے بچے کے اسکول جاسکتا ہوں؟

جی ہاں کسی NYCPS اسکول میں جانے کے لیے، آپ کے پاس سرکاری تصویری شناخت ہونا ضروری ہے۔ NYCPS بلا معاوضہ میونسپل ID کارڈ، IDNYC قبول کرتا ہے جو نیویارک شہر کے ذریعے نیویارک کے تمام مکینوں کو جاری کیا جاتا ہے۔

IDNYC نقل وطنی حیثیت کی معلومات جمع نہیں کرتا ہے۔ بلامعاوضہ IDNYC کارڈ کے لیے آپ **nyc.gov/IDNYC** پر سائن اپ کر سکتے ہیں۔

Project Open Arms — Multi-Agency Supports for Students and Families — Est. 2022

یہ وسیلہ صرف عام معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مشورے کے لیے کسی وکیل سے مشاورت کریں۔